ہیں - گزشتہ چند سال سے وہ پاک و ہند کے مشاہیر علماء کے حالات و سوانح بڑے نظم و ترتیب کے ساتھ پیش کر رہے ہیں - اب تک وہ سلسلۃ الذہب کی سات جلدیں "نزہۃ الخواطر" کے نام سے پیش کر چکے ہیں - زیر نظر کتاب آٹھویں جلد کا پہلا حصہ ہے جسے انہوں نے فقہائے پاک و ہند کے نام سے پیش کیا ہے - یہ حصہ تیرھویں صدی کے سو سے زائد مشاہیر علماء پاک و ہند کے تذکار پر محیط ہے - فاضل مؤلف نے یہ تذکار قلمبند کرتے وقت تحقیق و تفحص کا حق ادا کر دیا ہے - ان کی زبان بڑی شستہ اور شگفتہ ہے اور اسلوبِ نگارش نہایت دلآویز اور بلیغ - کتاب کیا ہے ؟ علم و تحقیق کی ایک جوئے رواں جس کا صاف و شفاف پانی معلومات کے بیش بہا جواہر پر اٹھکیلیاں مارتا ہوا بہہ رہا ہے - مؤلف نے جن ارباب علم کے تذکروں سے اس کتاب کے اوراق سجائے ہیں - ان میں ہر مسلک ہر مکتب فکر کے علماء شامل ہیں - یہ بات بجائے خود صاحب کتاب کے ایک وسیع النظر عالم ہونے کا بیّن ثبوت ہے - کتاب کا مقدمہ ایک مبسوط مقالہ ہے - جس میں فاضل مؤلف نے بڑی بالغ نظری سے اس دور کے سیاسی حالات کا جائزہ لیا ہے - اس مقدمے نے کتاب کی افادیت میں بے انتہا اضافہ کر دیا ہے - کتاب میں شامل تراجم کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے - اور اس حصے میں تیرھویں صدی ہجری کے ان تمام مشاہیر علماء کے تراجم کا احاطہ کیا گیا ہے جن کے ناموں کا پہلا حرف الف سے ظ تک ہے - یہ کتاب ہمارے علمی اور تحقیقی سرمائے میں گرانقدر اضافہ ہے اور ہر لحاظ سے لائقِ مطالعہ ہے - ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کو یہ مہتم بالشان سلسلہ جلد از جلد مکمل کرنے، نیز مزید علمی، دینی اور ملی کارنامے انجام دینے کی توفیق ارزانی فرمائے -

---

حیاتِ غالب

از شیخ محمد اکرم مرحوم

ضخامت ۲۴۷ صفحات مجلد مع گرد پوش

قیمت ۲۰ روپے

ناشر ادارہ ثقافتِ اسلامیہ لاہور

پاکستان و ہند کے علمی حلقوں میں شیخ محمد اکرم مرحوم کا نام کسی تعارف کا محتاج